© rasailojaraid.com



# دستورِ اسلامی

ضیاء محمد ضیاء

اُس دورِ مبارک کو ترستا ہے پھر انسان
ہر سمت تھی اخلاق و شرافت کی حکومت
جب دہر(۱) میں آئینِ شریعت کا چلن تھا
ہر سمت محبت کا اخوت کا چلن تھا

جب بندہ و آقا میں نہ کوئی تھا تفاوت
قانون کی نظروں میں سب انسان تھے برابر
کمزور پہ اُٹھتا نہ کہیں ہاتھ قوی کا
اللہ رے کیا امن و مسرت کا تھا وہ دور
جب خادم و مخدوم میں کچھ فرق نہیں تھا
اور حاکم و محکوم میں کچھ فرق نہیں تھا
جاتی نہ کبھی عرش پہ مظلوم کی فریاد
آیا نہ کسی لب پہ کبھی شکوۂ بیداد

اسلام کے ہاتھوں میں تھی انصاف کی میزان
قانون کی ہیبت سے لرزتے تھے غلط کار
تعزیر سے ایمن تھی حکومت(۲) نہ صدارت
آئین سے بالا تھی خلافت نہ امارت

ہر شخص کو عمال پہ تنقید کا حق تھا
بندش تھی عقائد پہ نہ اعمال پہ قدغن
ہر شخص تھا اظہارِ خیالات میں آزاد
تھا فکر کے طائر کو نہ اندیشۂ صیاد

سرمایہ و محنت میں نہ ہوتا تھا تصادم
دل خنجرِ افلاس سے ہوتے تھے نہ گھائل
احساسِ مروت سے ہر اک سینہ تھا معمور
دہقان تھا خوشحال تو خورسند تھا مزدور

یہ قوم پرستی نہ لگاتی تھی کہیں آگ
جمعیت آدم کے تصور کے تصدق
پجتے نہ تھے اصنام کہیں رنگ و نسب کے
دل مل گئے آپس میں عجم اور عرب کے

اللہ کا انعام ہے قرآن کا آئین
دنیا سے مٹاتا ہے یہ جنگ اور جدل کو
اک نعمت کبریٰ ہے یہ اسلام کا دستور
یہ صلح کا پیمان ہے اور امن کا منشور

کیا آپ کو معلوم ہے کہ : ☆ قانونِ شریعت کا دوسرا نام فقہِ اسلامی ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پیغام اخوت کا سناتا ہے جہاں کو
دیتا ہے زمانے کو مساوات کی تعلیم
انسان کی وحدت کا دلاتا ہے تصور
کرتا نہیں افراد کو طبقات میں تقسیم

آزادیٔ جمہور کی رہ اس نے دکھائی
حریتِ آدم کا علَم اس نے اٹھایا
صف جھوٹے خداؤں کی خدائی کی لپیٹی
انسان کو انسان کی غلامی سے چھڑایا

خود خالقِ فطرت نے بنایا ہے یہ آئین
دانائے دوعالم نے کیا ہے اسے تحریر
احکام جو منصوص ہیں باقی ہیں ابد تک
ممکن نہیں فطرت کے قوانین میں تغیر

گر آج بھی نافذ ہو یہ قانون جہاں میں
پھر امن و مسرت کا وہی دور پلٹ آئے
مٹ جائے یہ تفریق پھر اقوام و ملل کی
اور سارا جہاں ایک ہی مرکز پہ سمٹ آئے


ڈاکٹر نور احمد شاہتاز صاحب کے متنوع مضامین کا مجموعہ شائع ہو گیا

بعض موضوعات بالکل نئے اور اچھوتے

آج ہی طلب کیجئے

# رطب و یابس

خوبصورت رنگین ٹائٹل ، آفسٹ پیپر ، ۳۰۸ صفحات قیمت ۱۰۰ روپے

مکتبہ کاروانِ قمر

دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ پنجاب کالونی کراچی


© rasailojaraid.com